پریس ریلیز

14 جولائی 2015ء

اسٹیٹ بینک کی ایس ایم ایس سروس کی بھرپور پذیرائی

اسٹیٹ بینک کی جانب سے بطور پائلٹ پروجیکٹ شروع کی جانے والی ایس ایم ایس سروس (8877) کو عوام کی جانب سے بھرپور پذیرائی ملی ہے اور 28 شہروں کے عوام نے نئے کرنسی نوٹ حاصل کرنے کے لیے اس سروس سے استفادہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 14 جولائی 2015ء کے کاروباری دن کے اختتام تک مجموعی طور پر 277,499 افراد نے مجوزہ طریقہ کار کے مطابق اس سہولت کے لیے درخواستیں دیں جن میں سے 28 شہروں کی 150 برانچوں میں 164,882 افراد نئے کرنسی نوٹ حاصل کر چکے ہیں۔

پائلٹ پروجیکٹ کے دوران کیے گئے انتظامات پر عوام الناس کی جانب سے بھرپور شرکت کو مدنظر رکھتے ہوئے اسٹیٹ بینک نے 15 جولائی 2015ء کی صبح ایک بجے سے نئے ٹرانزیکشن کوڈز کا اجرا روکنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ عوام کی بڑی تعداد جنہیں ٹرانزیکشن کوڈ مل چکے ہیں، وہ 16 جولائی 2015ء کو کاروباری دن کے اختتام سے قبل اپنی منتخب کردہ برانچوں سے نئے نوٹ حاصل کرسکیں۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک نے عوام کو اپنی 6 جولائی 2015ء کو جاری کردہ پریس ریلیز اور 7 جولائی 2015ء کو اہم اخبارات میں دیئے جانے والے اشتہار میں دلچسپی رکھنے والے افراد کو نئے کرنسی نوٹ جاری کرنے کے متعلق اپنے ارادے اور موبائل ایس ایم ایس خدمات کے استعمال کے طریقہ کار کے پائلٹ پروجیکٹ سے آگاہ کیا تھا۔

عوام سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ 8877 پر مزید ایس ایم ایس نہ بھیجیں۔

****